Visit of Prime Minister to Italy and the UK for the G-20 Summit and World Leaders’ Summit of COP-26

October 24, 2021

جی 20 سربراہی اجلاس اور کوپ-26 کے عالمی رہنماؤں کے سربراہی اجلاس کے لیے وزیر اعظم کا اٹلی اور برطانیہ کا دورہ

24 اکتوبر، 2021

وزیر اعظم جناب نریندر مودی بالترتیب 16 ویں G-20 سربراہی اجلاس اور کوپ -26 کے عالمی رہنماؤں کے سربراہی اجلاس میں شرکت کے لیے 29 اکتوبر 2021 سے 2 نومبر 2021 تک روم، اٹلی اور گلاسگو، برطانیہ کا دورہ کریں گے۔

2- وزیر اعظم اٹلی کے وزیر اعظم عزت مآب ماریو ڈریگی کی دعوت پر 30-31 اکتوبر 2021 کو روم میں 16ویں G-20 سربراہی اجلاس میں شرکت کریں گے۔ اس سربراہی اجلاس میں جی-20 ممالک کے سربراہان مملکت/ حکومت کے شرکت کرنے کے ساتھ ساتھ، یورپی یونین، اور دیگر مدعو ممالک اور بین الاقوامی تنظیمیں بھی شرکت کریں گے۔

3- یہ 8 ویں جی -20 سربراہی کانفرنس ہوگی جس میں وزیر اعظم شرکت کریں گے۔ جی-20 بین الاقوامی اقتصادی تعاون کے لیے ایک اہم عالمی فورم کے طور پر ابھرا ہے۔ ہندوستان پہلی بار 2023 میں جی-20 چوٹی کانفرنس کی میزبانی کرنے والا ہے۔ اٹلی کے زیر صدارت یہ سربراہی اجلاس 'لوگ، سیارہ، خوشحالی' کے موضوع پر مرکوز ہے، جس میں (i) وبائی امراض سے بحالی اور عالمی صحت کی حکمرانی کو مضبوط بنانے، (ii) اقتصادی بحالی اور لچک، (iii) موسمیاتی تبدیلی اور توانائی کی منتقلی، اور (iv) پائیدار ترقی اور فوڈ سیکورٹی کے شعبوں پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔

4- وزیر اعظم اٹلی کے وزیر اعظم عزت مآب ماریو ڈریگی کے ساتھ دو 'طرفہ میٹنگ منعقد کرنے کے ساتھ ساتھ کئی دو طرفہ ملاقاتیں بھی کریں گے۔

5- اس کے بعد، بھارتی وزیر اعظم برطانیہ کے وزیر اعظم عزت مآب بورس جانسن کی دعوت پر یو این فریم ورک کنونشن آن کلائمیٹ چینج (UNFCCC) کی 26 ویں کانفرنس آف پارٹیز (COP-26) کے عالمی رہنماؤں کے سربراہی اجلاس میں شرکت کے لیے گلاسگو کا سفر کریں گے۔ کوپ - 26 کا انعقاد 31 اکتوبر 2021 سے 12 نومبر 2021 تک میں اٹلی کے ساتھ شراکت داری میں برطانیہ کی زیر صدارت میں منعقد ہو رہا ہے۔ ورلڈ لیڈرز سمٹ (WLS) کے عنوان سے کوپ- 26 کا اعلیٰ سطحی حصہ 1-2 نومبر 2021 کو منعقد ہوگا۔ اس سمٹ میں 120 سے زائد ممالک کے سربراہان مملکت/ حکومت شرکت کریں گے۔ کوپ -26 کو در اصل 2020 میں منعقد ہونا تھا، لیکن کووڈ -19 وبائی امراض کے پیش نظر اسے 2021 تک موخر کر دیا گیا تھا۔

6- یو این فریم ورک کنونشن آن کلائمیٹ چینج (UNFCCC) موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے عالمی ارادے اور وژن کو مجسم کرتا ہے۔ اس کنونشن میں شامل فریقوں کی طرف سے وقتا فوقتا کانفرنس، عالمی آب وہوا کے سربراہی اجلاسوں کے طور پر ابھری ہے، جس سے حالات کا جائزہ لینے اور آگے بڑھنے کا راستہ طے کرنے کا موقع فراہم ہوتا ہے۔ وزیر اعظم نے آخری بار 2015 میں پیرس میں کوپ-21 میں شرکت کی تھی، جس میں پیرس معاہدہ طے پایا تھا، اور جس پر عمل درآمد اس سال شروع ہو رہا ہے۔ کوپ -26 میں، فریقین پیرس معاہدے کے نفاذ کے رہنما خطوط کی تکمیل کے لیے کام کریں گے، اور اس کے ساتھ ساتھ موسمیاتی فنانس کی متحرک کاری؛ ماحولیاتی صورتحال سے موافقت، ٹیکنالوجی کی ترقی اور منتقلی کو مضبوط بنانے کے لیے اقدامات؛ اور عالمی درجہ حرارت میں اضافے کو محدود کرنے کے پیرس معاہدے کے اہداف تک پہنچنے کے لئے کام کریں گے۔

7- وزیر اعظم کوپ- 26 کے حاشیے پر برطانیہ کے وزیر اعظم عزت مآب بورس جانسن کے ساتھ دو طرفہ ملاقات کرنے کے ساتھ ساتھ متعدد دو طرفہ ملاقاتیں کریں گے۔

نئی دہلی

24 اکتوبر، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.